رسالہ الروح فی القرآن ۔ اور المعراج فی القرآن ، صفحات :۔ ۱۲۶ ۔ قیمت ۳/۷۵ روپے

۳ :۔ **فلسفۂ نماز** :۔ قاری محمد طیب قاسمی۔ اسلام کی جامع ترین عبادت ۔ نماز نہایت عجیب وغریب حکیمانہ اور فاضلانہ افادات ۔ آخر میں امام غزالیؒ کے آداب نماز کا ترجمہ صفحات :۔ ۱۶۰ ، قیمت :۔ ۴/۲۵ روپے

۴ :۔ **مسلمانوں کی فرقہ بندیوں کا افسانہ** :۔ علامہ مناظر احسن گیلانیؒ کی مشہور تصنیف ۔ حدیثِ افتراق امت اور دیگر مسائل پر مولانا کی نکتہ آفرینیاں ہے

قیمت :۔ ۵/۵۰ روپے ۔

مجلّہ " علم وآگہی " :۔ برصغیر پاک وہند کے علمی، ادبی اور تعلیمی ادارے (حصہ دوم)

ترتیب :۔ ابو سلمان شاہجہانپوری / امیر الاسلام صدیقی ۔

ناشر :۔ گورنمنٹ نیشنل کالج شہید ملت روڈ کراچی ۔

طباعت :۔ عمدہ صفحات :۔ ۵۰۴

" علم وآگہی " ۔ گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی کے طلبہ کا مجلہ ہے جو ہر سال ایک بار شائع ہوتا ہے ۔ گزشتہ سال زیر تبصرہ اشاعت کا پہلا حصہ شائع ہوا تھا ۔ اور علمی حلقوں میں اس کی خاطر خواہ پزیرائی ہوئی ۔ اس سال دوسرے حصہ میں کم وبیش ساڑھے تین سو علمی ، ادبی ، ثقافتی اور تاریخی اداروں کا تعارف پیش کیا گیا ہے ۔

گورنمنٹ نیشنل کالج کے اساتذہ اور طلبہ نے تدریسی فرائض کے ساتھ ساتھ یہ ایسا اہم کام انجام دیا ہے کہ علمی دنیا میں ہمیشہ یادگار رہے گا ۔ بلاشبہ یہ اہم اشاعت " کتاب حوالہ " ثابت ہوگی مرتبین نے " پیش گفتار " میں بجا طور پر لکھا ہے ۔

" یہ بات بلا خوف تردید کہی جا سکتی ہے کہ برصغیر پاک وہند کے علمی ، ادبی ، تعلیمی ثقافتی اور شخصیاتی علمی اداروں کے بارے میں اتنا بڑا ذخیرہ ہندوستان یا پاکستان کی کسی زبان میں کسی کتاب یا رسالے میں ایک جگہ موجود نہیں ۔ "

اس اشاعت کی اہمیت کے پیش نظر اور تجاویز پیش کی جاتی ہیں :۔

۱ :۔ دونوں حصوں پر نظر ثانی کی جائے اور اہل علم کی تجاویز اور مشوروں کی روشنی میں واقعاتی اغلاط کی تصحیح ایک ضمیمہ کی صورت میں شائع کی جائے ۔

۲ :۔ بعض بہت ہی اہم ادارے رہ گئے ہیں مثال کے طور پر ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال ،